پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

جنرل ہسپتال ایمرجنسی میں سال کے دوران ساڑھے 8لاکھ مریضوں کو مفت طبی سہولتیں فراہم

پرنسپل سردار محمد الفرید ظفر کا پہلا سال کامیابی سے مکمل، ادارے میں ڈسپلن اور معیار برقرار رکھا گیا

ٹیم ورک پر یقین رکھتا ہوں، نیک نیتی سے ادارے اور مریضوں کی خدمت جاری رکھیں گے: پرنسپل

لاہور 13 جولائی:۔۔۔۔۔جنرل ہسپتال شعبہ ایمرجنسی میں گزشتہ مالی سال (2019-20) میں 8لاکھ 51ہزار 813 مریضوں کو بلا معاوضہ طبی و تشخیصی سہولیات فراہم کی گئیں جو ادارے کے موجودہ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کے پہلے سال کی کامیابی سے تکمیل ہے۔اس عرصے میں 45019 سی ٹی سکین، 75012 الٹرا ساؤنڈ، 50494 ای سی جی اور 44004 مائنر آپریشن کیے گئے۔میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمود صلاح الدین اور ڈائریکٹر ایمرجنسی ڈاکٹر رانا محمد شفیق نے شعبہ ایمرجنسی کی رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا کہ جنرل ہسپتال کا شعبہ حادثات اس لحاظ سے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ یہاں پر اکثر کیسز ایکسیڈنٹ اور ٹریفک حادثات میں زخمی بالخصوص سر اور دماغ پر چوٹ آنے کے علاوہ میڈیسن، سرجری، گائنی اور ہڈی کے لائے جاتے ہیں جنہیں فوری طور پر طبی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔موجودہ پرنسپل کے پہلے ایک سال میں ریکارڈ مریضوں کو اس ادارے میں ان ڈور اور آؤٹ ڈور کی میڈیکل سہولتیں بہم پہنچائی گئی ہیں جنہیں آنے والے دنوں میں زیادہ بہتر طریقے سے جاری رکھا جائے گا۔

پہلے ایک سال کی تکمیل پر پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ، امیر الدین میڈیکل کالج اور لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں شکر گزار ہیں جنہوں نے کورونا جیسے بڑے چیلنج کا سامنا کرنے کی ہمت دی۔انہوں نے کہا کہ وہ ٹیم ورک پر یقین رکھتے ہیں اور نیک نیتی سے اس ادارے کی بہتر سے بہتر خدمت کے لئے کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ اپنے زیر نگرانی اداروں میں بہترین ڈسپلن اور اعلیٰ معیار کی طبی سہولتوں کی فراہمی کے لئے مختلف اہم اقدامات اٹھائے ہیں جبکہ ڈاکٹرز کی تعلیم و تربیت اور پیشہ وارانہ مہارت کو اپ گریڈ کرنا بھی اُن کے مشن کا اہم حصہ ہے۔پروفیسر الفرید ظفر نے توقع ظاہر کی کہ تمام شعبوں میں موجودہ ٹیم کی معاونت سے آنے والے دنوں میں مزید بہتری لائیں گے اور دکھی انسانیت کی خدمت کے مشن کی تکمیل کو جاری رکھا جائے گا۔

☆☆☆☆